**Department of Education**
Chancellor Meisha Porter

28 دسمبر- 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ نے ایک آرام دہ تعطیل گزاری ہوگی اور اپنے پیاروں کے ساتھ وقت صرف کرنے کے قابل ہوئے ہونگے۔ جیسے کہ ہم نئے سال کی طرف دیکھ رہے ہیں، ہماری سب سے اعلیٰ ترجیح اپنے طلباء، اہل خانہ اور عملے کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔
اسکول 3 جنوری کو جیسے کہ طے کیا گیا تھا، تمام طلبا کے لیے کھلیں گے۔ ہم صحت اور حفاظت کے لیے مزید اقدامات لے رہے ہیں تاکہ طلبا اور عملے کو محفوظ رکھنے کو یقینی بنایا جا سکے اور یہ کہ اسکول کھلے رہنا جاری رکھا جا سکے۔

آپ نے اس پر توجہ کی ہوگی کہ یہ خط آپ کو رخصت ہونے والی اسکولوں کی چانسلر Meisha Porter اور آنے والے اسکولوں کے چانسلر David C. Banks کی جانب سے مشترکہ طور پر مل رہا ہے۔ محکمئہ تعلیم کے قائدین تبدیل ہو رہے ہیں، مگر ایک چیز ویسے ہی رہے گی: ہمارا اپنے طلبا کو اعلیٰ معیاری تعلیم کی محفوظ فراہمی کا غیر متزلزل عزم جو انہیں طویل المیعاد کامیابی کی جانب گامزن کر دے۔

ذیلی تبدیلیاں ہمارے شہر اور ریاست کے عوامی صحت کے رفقائے کار کی شراکت میں عمل میں لائی گئی ہیں اور وفاقی اور سائنسی بنیاد پر مبنی ہیں۔

**۳ جنوری کو واپسی سے قبل COVID-19 کی جانچ (ٹیسٹنگ)**

- ہمارے اسکول کی برادریوں کو سب کے اسکول کی عمارتوں میں واپس آنے پر محفوظ رکھنے کے لیے، ہم اسکی **ہم پرزور حوصلہ افزائی** کریں گے کہ تمام طلبا 3 جنوری کو اسکول آنے سے قبل قطع نظر اسکے کہ انکی ویکسین کی صورت حال کیا ہے، ایک PCR، لیب پر مبنی جَلد جانچ (ریپڈ ٹیسٹ)، یا ایک گھریلو جانچ کی کِٹ کے ذریعے COVID-19 کی جانچ کرائیں۔ جانچ کے مقامات بمع گھر پر جَلد جانچ، کی ایک فہرست کے لیے COVID19 -212 پر کال کریں، یا یہاں http://nyc.gov/covidtest جائیں یا "COVID TEST" کو 855-48 پر ٹیکسٹ کریں یا ایک قریبی جانچ کے مقام تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں. محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) مسلسل جانچ کے نئے مقامات کھول رہا ہے، لہٰذا برائے مہربانی تازہ ترین معلومات کے لیے اکثر و بیشتر دیکھتے رہیں۔
- اسکے علاوہ، کئی دوا فروش اور ڈاکٹروں کے دفاتر بھی COVID-19 جانچ کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے ڈاکٹر کے دفتر یا مقامی دوا فروش سے معلوم کریں کہ کیا وہ ایک جانچ کرانے کے لیے وقت دے سکتے ہیں۔

**گھریلو جانچ کِٹس**

- 3 جنوری سے، اسکول، گھر لے جانے کے لیے COVID-19 جَلد جانچ کٹس ان **تمام طلبا یا عملہ کے لیے جن میں COVID جیسی علامات پائی گئی ہیں یا ایک ایسے کلاس روم میں تھے جہاں ایک مثبت کیس کی نشاندہی ہوئی ہے** میں مفت تقسیم کرنا شروع کرینگے۔
- وہ طلبا جن کے پاس ایک گھریلو جانچ کٹ ہے انہیں پانچ دنوں کے اندر دو مرتبہ جانچ کرنی ہوگی (ہر کٹ میں دو جانچ ہیں)۔
  - وہ طلبا جو اسکول میں COVID کا سامنا کر چکے ہیں انہیں اسی شام پہلی اور پھر (5) پانچویں دن دوسری جانچ کرنی چاہئیے۔
  - اگر کسی طالب علم میں (5) پانچویں دن سے قبل علامات ظاہر ہونا شروع ہوتی ہیں، انہیں فوراً اس جانچ کٹ کو استعمال کرنا چاہئیے۔
- جس کسی کا گھریلو جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے اسے فوراً اسکول کو اطلاع دینی چاہئیے اور علیحدہ رہنا شروع کر دینا چاہئیے۔ جن طلبا کا جانچ کا نتیجہ مثبت آیا ہے انہیں لازماً 10 دنوں کے لیے علیحدہ ہو جانا چاہئیے اور وہ (11) گیارویں دن اسکول واپس آ سکتے ہیں۔ اسکول واپس آنے کے لیے منفی جانچ کی ضرورت نہیں ہے۔
- یاد رکھیں، تمام طلبا، عملہ اور آنے والے مہمانوں کو اسکول کی عمارتوں میں داخل ہونے کے لیے محکمئہ تعلیم کا صحت جانچکار پاس کرنا ہوگا۔ جن طلبا اور عملے کو گھر لیجانے کے لیے جَلد جانچ کٹس دیے گئے تھے انکے منفی نتیجہ آنے پر صحت جانچکار پر مزید سوالات کا اضافہ کیا جائے گا۔ اسکول کی عمارتوں میں داخلے کے لیے کسی دیگر ثبوت یا ایک منفی نتیجہ کی ضرورت نہیں ہے۔

**نئی کوارنٹین پالیسی۔**

**Department of Education**
Chancellor Meisha Porter

ہمارا ہدف ہے کہ طلبا کی اسکول میں جتنی ممکن ہو سکے حفاظت کو یقینی بنایا جائے، اور ہم نے اپنی پالیسوں میں اس ہدف کو یقینی بنانے کے لیے تجدید کی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر کلاس روم میں کوئی مثبت کیس ہوتا ہے:

- وہ طلبا جو ان طلبا کے نزدیک موجود تھے اب انہیں کوارنٹین کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر ان میں علامات نہیں ہیں اور ایک COVID جانچ کا مثبت نتیجہ نہیں ہے، اسکول آنا جاری رکھیں گے۔
- اسکے بجائے، تمام طلبا اور بڑوں کو جو اس کلاس میں ہیں ایک گھریلو جَلد جانچ کٹ دی جائے گی۔ اس جانچ کٹ میں دو جانچ ہوتی ہیں۔
- جن کے پاس ایک گھریلو جانچ کٹ ہے انہیں پانچ دنوں دو جانچ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**اسکول میں زیادہ کڑی نگرانی**

اپنے طلبا، اہل خانہ اور عملے کی حفاظت کو مزید یقینی بنانے کے لیے، اسکول میں کڑی نگرانی والے جانچ کے پروگرام کو ہر اسکول میں بشمول گریڈ 1 اور اوپر ویکسین والے اور بغیر ویکسین والوں کی جانچ کرنے کی تعداد دگنی کی جا رہی ہے اسکول میں بلا ترتیب کڑے جانچ پروگرام پر عوامی صحت کے ماہرین اسکولوں میں COVID-19 کے پھیلاو پر انتہائی گہری نگاہ رکھے ہوئے ہیں۔ ہم تمام خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ قطع نظر اسکے کہ ان کا بچہ ویکسین شدہ ہے یا نہیں، اسکول میں **نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ** کے ذریعے جانچ کرنے کی اجازت دیں یا ایک دستخط شدہ پیپر فارم اسکول کو واپس کریں۔ طلبا کی جانچ سے متعلق مزید معلومات محکمۂ تعلیم کی اس ویب سائٹ پر تلاش کی جا سکتی ہے https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/covid-information/covid-19-testing-for-students

جانچ کرانا اسکولوں کو کھلے رکھنے اور برادریوں کے محفوظ رکھنے کا ایک انتہائی اہم جز ہے۔ آپ کے اجازت دینے اور ہمارے اسکول میں جانچ کے پروگرام میں شریک ہونے کا شکریہ!

ہم جانتے ہیں کہ آپ کے لیے اپنے بچوں کا اسکول میں، صحت مند اور محفوظ ماحول میں رہنا زیادہ اہم ہے۔ آج ہم جن تبدیلیوں کا اعلان کر رہے ہین انکا مقصد ہمارے طلبا کو جتنا ممکن ہو سکے کم سے کم خلل والے کلاس روم میں رکھنا ہے اور ساتھ میں انکی حفاظت کو مقدم اور مرکزی رکھنا ہے۔

جیسے حالات بدلتے ہیں ہم آپ کو تازہ ترین معلومات سے آگاہ کرتے رہیں گے اور آپ سے ان تجدید شدہ پالیسیوں اور طریقہ کار پر تبصرے لیتے رہیں گے ۔ اس دوران، برائے مہربانی بلا جھجک FACE@schools.nyc.gov پر اپنے مشوروں سے آگاہ کریں۔ ہم آپ کا قبل از وقت ہمارے بچوں کو اسکول میں محفوظ رکھنے میں ساتھ دینے کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر

David C. Banks
آنے والے نیویارک شہر اسکولز چانسلر